## پاکستان کو اندرونی اور بیرونی خطرات کا سامنا ہے، محمد انور

## ایم کیو ایم، ملک بھر کے محروم، مظلوم اور محکوم طبقہ کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے

## ایم کیو ایم کشمیر کے ایسے کسی بھی فیصلے کو قبول نہیں کرے گی جو کشمیری عوام کی خواہشات کے خلاف ہوگا، انیس ایڈووکیٹ

## پاکستانی عوام کو اپنے مسائل کے حل کیلئے ایم کیو ایم کی طرز پر اپنی صفوں سے ایماندار اور باصلاحیت قیادت کو منتخب کرنا ہوگا

## ایم کیو ایم مظلوم عوام کی عملی خدمت کررہی ہے، لبرل ڈیموکریٹ کونسلر محمد شفق

## پیپلز پارٹی اور مسلم کانفرنس سمیت مختلف سیاسی جماعتوں کے افراد کی ایم کیو ایم میں شمولیت

شیفیلڈ۔۔۔11، مارچ 2010ء

ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کے تحت برطانیہ کے مختلف شہروں میں رکنیت سازی مہم کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں برطانیہ کے شہر شیفیلڈ میں تقریب منعقد ہوئی جس میں ایم کیو ایم کے ذمہ دران اور کارکنان کے علاوہ کشمیری کمیونٹی کے بزرگوں اور نوجوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی اور مسلم کانفرنس سمیت مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے افراد سمیت متعدد افراد نے ایم کیو ایم کی رکنیت کے فارم پر کئے اور ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور نے کہا کہ ایم کیو ایم، ملک بھر کے محروم، مظلوم اور محکوم طبقہ کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے اور چاہتی ہے کہ پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی قائم کی جائے۔ محمد انور نے کہا کہ ایک منظّم سازش کے تحت ملک بھر میں ایم کیو ایم کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کیا گیا اور ایم کیو ایم کو دہشت گرد اور ملک دشمن جماعت ثابت کرنے کی کوشش کی گئی لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ایم کیو ایم پر جھوٹے الزامات لگانے والے آج خود اعتراف کررہے ہیں کہ ایم کیو ایم پر ملک دشمنی کے الزامات جھوٹے اور ڈرامہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایم کیو ایم کے فکر وفلسفہ اور نظریہ کی سچائی کا ثبوت ہے کہ آج کشمیری کمیونٹی سمیت ملک بھر کی قومیتوں میں ایم کیو ایم کا پیغام تیزی سے پھیل رہا ہے اور آج شیفیلڈ میں کشمیری کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بہت بڑی تعداد میں موجودگی اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی عملی تفسیر پیش کررہی ہے کہ اللہ تالیٰ جسے چاہے عزت سے نوازتا ہے اور جسے چاہے ذلت دیتا ہے۔ محمد انور نے کہا کہ پاکستان کو اندرونی اور بیرونی خطرات کا سامنا ہے اور ان حالات میں قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک بھر کے عوام کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرکے پاکستان کی بقاء وسلامتی کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں۔ محمد انور نے کہا کہ صرف غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت ہی پاکستان کو درپیش موجودہ بحرانوں سے نکال سکتی ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ بیرون ممالک میں مقیم پاکستانی اپنی ذمہ داری کا احساس کریں اور پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے عملی جدوجہد کریں۔ قبل ازیں رابطہ کمیٹی کے رکن انیس ایڈووکیٹ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم، اسلامی تعلیمات کے مطابق مساوات پر یقین رکھتی ہے اور چاہتی ہے کہ پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو بھی تعلیم، صحت اور روزگار کے وہی مواقع میسر آئیں جو مراعات یافتہ طبقہ کو حاصل ہیں۔ انیس ایڈووکیٹ نے کہا کہ کشمیر کے حوالہ سے ایم کیو ایم کا مؤقف اصولی اور اٹل ہے کہ کشمیر کے فیصلہ کا حق صرف کشمیری عوام کو حاصل ہے اور ایم کیو ایم کشمیر کے حوالہ سے ایسے کسی بھی فیصلے کو قبول نہیں کرے گی جو کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کے خلاف ہوگا۔ انیس ایڈووکیٹ نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جنہوں نے نہ صرف محروم طبقہ کے عوام کی ترجمانی کی بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کے تعلیم یافتہ اور باصلاحیت افراد کو اسمبلیوں میں بھی بھیجا۔ انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان بھر کے عوام اپنے بنیادی مسائل کا حل چاہتے ہیں تو انہیں جاگیرداروں اور وڈیروں کے بجائے ایم کیو ایم کی طرز پر اپنی صفوں سے ایماندار اور باصلاحیت قیادت کو منتخب کرنا ہوگا۔ تقریب سے برطانیہ کی لبرل ڈیموکریٹ پارٹی کے کونسلر محمد شفق نے کہا کہ ایم کیو ایم مظلوم عوام کی عملی خدمت کررہی ہے اور آزاد کشمیر میں قیامت خیز زلزلے کے موقع پر ایم کیو ایم نے جس طرح مظلوم کشمیری عوام کی خدمت کی ہے وہ میں اپنی آنکھوں سے دیکھ چکا ہوں۔ تقریب سے ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد منشاء نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کی رکنیت سازی مہم کا مقصد پاکستان کی تمام قومیتوں کو متحد کرنا اور پاکستان میں ایک قوم کے تصور کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے تمام شرکاء سے اپیل کی کہ وہ ایم کیو ایم کے فکر وفلسفہ کا بغور مطالعہ کریں اور پاکستان کی سلامتی وبقاء اور ترقی وخوشحالی کیلئے حق پرستی کی جدوجہد میں شمولیت اختیار کریں۔ بعدازاں پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے محمد آصف اور مسلم کانفرنس سے تعلق رکھنے والے ظفر راجہ نے ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔ تقریب میں ایم کیو ایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ریحان عباسی، سہیل خانزادہ، محمد احسان اور سابق حق پرست ٹاؤن ناظم اظہار احمد خان بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆